
# عوامی ترجیحات | کھیلوں کے شوقین

تقریباً دو تہائی **65٪** پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ اُن کا کوئی پسندیدہ پاکستانی کرکٹر نہیں ہے؛ پسندیدہ کرکٹرز میں ، شاہد آفریدی **10٪** اور عمران خان **9٪** سرفہرست ہیں، جبکہ کوئی بھی پسندیدہ کرکٹر نہ ہونے کے حوالے سے شرح مرد حضرات **57٪** کی نسبت خواتین **73٪** میں زیادہ پائی گئی۔

برائے مہربانی کہ آپ کا پسندیدہ پاکستانی کرکٹر کون ہے ؟




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com;*
*www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## کھیل

کرکٹ

عوامی ترجیحات

**تقریباً دو تہائی (65%) پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ اُن کا کوئی پسندیدہ پاکستانی کرکٹر نہیں ہے؛ پسندیدہ کرکٹرز میں، شاہد آفریدی (10%) اور عمران خان (9%) سرفہرست ہیں، جبکہ کوئی بھی پسندیدہ کرکٹر نہ ہونے کے حوالے سے شرح مرد حضرات (57%) کی نسبت خواتین (73%) میں زیادہ پائی گئی۔**

**(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)**


(اسلام آباد)، 03 اپریل 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً دو تہائی (65%) پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ اُن کا کوئی پسندیدہ پاکستانی کرکٹر نہیں ہے۔ وہ افراد جنہوں نے پسندیدہ کرکٹر ہونے کے حوالے سے بتایا، اُن میں شاہد آفریدی (10%) اور عمران خان (9%) سب سے زیادہ پسند کیے جانے والے کرکٹرز ہیں، جبکہ بابر اعظم (6%) کا اس حوالے سے تیسرا نمبر ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ " **برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کا پسندیدہ پاکستانی کرکٹر کون ہے ؟** "۔اس سوال کے جواب میں، 65% افراد کا کہنا تھا کہ "کوئی نہیں"، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اکثریت پاکستانی کسی بھی پاکستانی کرکٹر کو اپنا پسندیدہ نہیں سمجھتے ہیں۔ وہ کرکٹرز جن کا پسندیدگی کے حوالے سے نام لیا گیا، اُن میں "شاہد آفریدی" (10%) سرفہرست رہے، دوسرے نمبر پر اس حوالے سے زیادہ شرح "عمران خان" (9%) کی پائی گئی، جبکہ اس کے بعد "بابر اعظم" (6%) کا نام لیا گیا۔ 1% سے بھی کم افراد نے "شعیب اختر" کا نام لیا۔ مزید 3% نے "دیگر" کرکٹرز کا ذکر کیا، جبکہ 7% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ اگرچہ کرکٹ پاکستان میں سب سے زیادہ فالو کیے جانے والے کھیلوں میں سے ایک ہے، لیکن کسی ایک پسندیدہ کرکٹر سے خاص لگاؤ عام نہیں ہے۔ اس کے برعکس، زیادہ تر افراد کے مطابق اُن کی کوئی واضح پسند نہیں ہے، جبکہ جو افراد جو کسی کھلاڑی کا انتخاب کرتے ہیں اُن کی رائے ماضی اور حال دونوں کے مختلف کرکٹرز میں تقسیم شدہ ہے۔

**"برائے مہربانی کہ آپ کا پسندیدہ پاکستانی کرکٹر کون ہے؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 787 خواتین اور مرد حضرات سے 15 جنوری 2026 تا 3 فروری 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**جنس کے اعتبار سے نتائج**: جنس کے اعتبار سے نتائج واضح فرق ظاہر کرتے ہیں۔ خواتین کی 73% شرح کا کہنا تھا کہ اُن کا کوئی پسندیدہ پاکستانی کرکٹر نہیں ہے، جبکہ مرد حضرات میں یہ شرح 57% رہی۔ پسندیدگی کے اعتبار سے کسی مخصوص کھلاڑی کا نام لینے کے حوالے سے زیادہ شرح مرد حضرات میں پائی گئی، مرد حضرات کی 11% شرح نے ”شاہد آفریدی کو اپنا پسندیدہ کھلاڑی قرار دیا، جبکہ خواتین میں یہ شرح 8% پائی گئی۔ اسی طرح، مرد حضرات کی 10% شرح اور خواتین کی 8% شرح نے ”عمران خان“ کا نام لیا۔ ”بابر اعظم“ کے حوالے سے شرح بھی خواتین (3%) کی نسبت مرد حضرات میں زیادہ (9%) پائی گئی۔

یہ نتائج ظاہر کرتے ہیں کہ مرد حضرات میں کرکٹ شخصیات کے حوالے سے واضح پسند رکھنے کا امکان نسبتاً زیادہ ہے، جبکہ خواتین زیادہ تر کسی خاص پسندیدہ کرکٹر کا انتخاب نہیں کرتیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 03 April 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)